## سوال

(22)ایک شخص کی بابت نذرمان کردوسرے کوحج پرلے جانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاته

ایک شخص کا لڑکا بیمار ہوگیا، اس نے نذرمانی کہ اللہ تعالیٰ اس کو صحت بخشے تو میں اس کو حج کےلیے ہمراہ لے جاؤں گا۔ لڑکی کی عمر دس بارہ برس کی ہے کیا اسی کو حج کےلیے ہمراہ لے جائے یا اس کے بدلے دوسرے کو بھی لے جاسکتا ہے؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

نذر جس طرح مانی ہے اسی طرح پوری کرنی چاہیے لڑکے کو ساتھ لے جائے۔ اگر وہ بالغ ہوتا تو اس کا فرض ادا ہو جاتا، اب اس کا نفل حج ہوگا۔ (عبداللہ امرتسری روپڑی، فتاویٰ اہلحدیث روپڑی جلد ۲ ص ۵۸۵)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد08ص46